© rasailojaraid.com



جَاعِفٌ: زبردست سیلاب۔ ہر شے کو بہا لے جانے والا سیلاب۔

جَاعِلٌ: دینے والا۔ بنانے والا۔ اِجْعَلُوْا مِنْ صَلٰوتِکُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ اپنی کچھ نماز گھروں میں پڑھا کرو۔ لِلْغَازِیْ اَجْرُہٗ وَلِلْجَاعِلِ اَجْرُہٗ وَاَجْرُ الْغَازِیْ۔ غازی کو اس کا ثواب ملے گا اور جس نے اس کو جہاد کے لئے خرچ دیا اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا ثواب بھی ملے گا اور غازی کا ثواب بھی ملے گا۔

جَافِلٌ: بھاگا ہوا۔ گھبرایا ہوا۔ بزدل۔

جَافِیٌ: بے رحم۔ سنگ دل۔ سخت مزاج۔

جَالِبٌ: لانے والا۔ کمائی کرنے والا۔ شور مچانے والا۔ باہر سے مال منگانے والا۔ اَلْجَالِبُ مَرْزُوْقٌ وَّالْمُحْتَکِرُ مَلْعُوْنٌ۔ باہر سے غلہ لانے والے کو اللہ روزی دے گا اور جو غلے کی ذخیرہ اندوزی کرے وہ ملعون ہے۔

جَالِبَۃٌ: آفت۔ مصیبت۔ جمع جَوَالِبٌ۔

جَالِحَۃٌ: روئی کی مانند اڑنے والا پھونس۔ خشک سال۔ جمع جَوَالِحُ۔

جَالِسٌ: بیٹھنے والا۔ بلند جگہ کی طرف جانے والا۔

جالِعٌ: بے ہودہ۔ بے ادب۔ بے شرم۔ دانت نکالنے والا۔

جَالِفَۃٌ: خشک سال جس میں مال و متاع ختم ہو جائے۔ گہرا زخم۔ رَجُلٌ اَصَابَتْ مَالَہٗ جَالِفَۃٌ (اس شخص کو سوال کرنا درست ہے) جس کے مال پر آفت آئی ہو۔

جَالِیَۃُ: مہاجرین۔

جَثَاءُ: شخص۔ جزا۔ بدلہ۔ مقدار۔ تخمینہ۔ تقریباً۔

جُثَاءُ: شخص۔ جزا۔ بدلہ۔ مقدار۔ تخمینہ۔ تقریباً۔

جَثْوَۃٌ: مٹی کا ڈھیر، پتھروں کا ڈھیر، قبر، جسم، لاش، جمع جُثیٌ و جِثیٌ۔ رَءَیْتُ قُبُوْرَا الشُّھَدَاءِ جُثَاً۔ میں نے مٹی کے ڈھیروں کی طرح شہیدوں کی قبریں دیکھیں۔

جُثْوَۃٌ: مٹی کا ڈھیر، پتھروں کا ڈھیر، قبر، جسم، لاش۔

جَحٌّ: بچھانا۔ آواز کرنا۔ زچگی کا وقت قریب آنا، کھینچ کر نکالنا۔

جِحَاظٌ: آنکھ کی پتلی۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ کا حلقہ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُحَافٌ: ہیضہ۔ دستوں کی بیماری۔ موت۔ سَیْلٌ جُحَافٌ۔ تباہی مچانے والے سیلاب۔

جِحَافٌ: لڑائی۔

جَحْجَاحٌ: سخی۔ سردار۔

جَحْجَحٌ: سخی۔ سردار، پہل کرنا۔ رکنا۔ جمع مَجَاجِحَةٌ۔

جَحْدٌ: جان بوجھ کر انکار کرنا۔ ناشکری کرنا، کفر کرنا، جھٹلانا۔ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا۔ اور ان لوگوں نے ظلم وتکبر کی بنا پر ان کا انکار کیا حال آں کہ وہ اپنے دل میں ان کا یقین کر چکے تھے۔

جَحْدَرٌ: کوتاہ قامت۔ پست قد۔ جمع جَحَادِرُ۔

جَحْدَلٌ: غربت کے بعد مال دار ہونا۔ مال جمع کرنا۔ برتن کو بھرنا۔ جوڑنا۔ پچھاڑنا۔ باندھنا۔

جَحْدَلَةٌ: غربت کے بعد مال دار ہونا۔ مال جمع کرنا۔ برتن کو بھرنا۔ جوڑنا۔ پچھاڑنا۔ باندھنا۔

جَحْرٌ: سوراخ میں گھس جانا۔ آنکھ کا بیٹھ جانا۔ دیر کرنا۔ پیچھے رہ جانا۔ بارش نہ ہونا۔ قحط کا شکار ہونا۔

جُحْرٌ: سوراخ۔ بل۔ جمع جِحِرَةٌ و اَجْحَارٌ۔ فَلُدِغَ اَبُوْ بَكْرٍ مِنَ الْجُحْرِ۔ ابو بکر رضی اللہ عنہ کو (غار ثور میں) ایک سوراخ سے ڈنگ مارا گیا۔ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُ كُمْ فِى الْجُحْرِ۔ تم میں سے کوئی (زمین کے) سوراخ میں پیشاب نہ کرے۔ لَا يُلْدَغُ الْمُؤمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ۔ مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا۔

جَحْرَةٌ: قحط سالی۔ خشک سالی۔

جَحْشٌ: کھال چھیلنا۔ کنارہ کش ہو جانا۔ الگ ہو جانا۔ خراش پیدا کرنا۔ مار ڈالنا۔ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَقَطَ مِنْ فَرَسٍ فَجُحِشَ شِقُّهٗ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے گر پڑے اور آپ کا ایک طرف کا جسم چھل گیا۔

جَحَشٌ: گدھے کا بچہ۔ جمع جِحَاشُ

جَحْفٌ: جانب دار ہونا۔ مائل ہونا۔ مانوس ہونا۔ کھال چھیلنا۔ کھودنا۔ اکٹھا کرنا۔ لات مارنا۔ اچک لے جانا۔ بہا لے جانا۔ بلے سے گیند روکنا۔

جُحْفَةٌ: حوض کے اطراف میں بچا ہوا پانی۔ مٹھی بھر کھانا۔ مکے اور مدینے کے درمیان ایک مقام کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نام۔

جَحْفَلُ: بڑالشکر۔ بڑے مرتبے کا آدمی۔ جمع جَحَافِلُ۔

جَحْفَلَةٌ: پچھاڑنا۔ تیر مارنا۔

جَحْلُ: ہر بڑی شے۔ گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ شہید کی مکھیوں کی ملکہ۔ بڑی مشک۔

جَحْمٌ: آگ بھڑکانا۔ سلگانا۔ کھولنا۔ باز رہنا۔

جَحْمَةٌ: بھڑکتی ہوئی آگ۔

جُحْمَةٌ: بھڑکتی ہوئی آگ۔

جَحْمَرٌ: بڑھیا۔ عمر رسیدہ۔

جَحْمَرِشٌ: بڑھیا۔ عمر رسیدہ۔

جُحُوْدٌ: جان بوجھ کر انکار کرنا۔ ناشکری کرنا۔ کفر کرنا۔ جھٹلانا۔

جُحُوْظٌ: آنکھ کا باہر نکل آنا۔ گھورنا۔ ٹکٹکی لگانا۔

جَحِيْمٌ: دوزخ۔ بھڑکتی ہوئی آگ۔ قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ۔ وہ کہنے لگے کہ ابراہیم کے لئے ایک عمارت بناؤ اور اس کو دہکتی ہوئی آگ میں ڈال دو۔

جُحَيْمِرٌ: بڑھیا۔ عمر رسیدہ۔ جَحْمَرِشٌ کی تصغیر ہے۔ تصغیر میں ش گر گیا۔ اِنِّيْ اِمْرَءَةٌ جُحَيْمِرٌ۔ میں بوڑھی عورت ہوں۔

جَخٌّ: پیروں سے مٹی اڑانا۔ نماز میں بازوؤں کو کشادہ کرنا۔ برتن کو اوندھا کرنا۔ کبڑا ہونا۔ دھونی لینا۔

جَخَّافٌ: مغرور۔

جَخْجَخَةٌ: پکارنا۔ چلانا۔ گرانا۔

جَخْرٌ: کنوے کا منہ بڑا کرنا۔ بدبودار ہونا۔ خالی ہونا۔

جَخْرَاءُ: چیپڑوں والی۔ عَيْنٌ جَخْرَاءُ۔ چیپڑوں والی آنکھ۔

جَخْفٌ: فخر کرنا۔ اترانا۔ سوجانا۔ خراٹے لینا۔ ڈرانا۔

جَخْوٌ: اوندھا کرنا۔

جَدٌّ: کاٹنا۔ کوشش کرنا۔ بڑا ہونا۔ نصیب۔ سعادت۔ عظمت۔ بلند مرتبہ ہونا۔ مال دار ہونا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دادا۔ نانا جمع اَجْدَادُ۔ وَاَنَّهُ تَعَالیٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلاَ وَلَدًا۔ اور ہمارے رب کی شان بڑی بلند ہے، نہ اس کی بیوی ہے اور نہ اولاد۔ لاَ يَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔ تیرے سامنے تونگری کی تونگری کچھ کام نہ آئے گی۔

جِدٌّ: ٹھیک۔ درست۔ صدق دل سے کہنا۔ یقینی ہونا۔ نہر کا کنارہ۔

جُدٌّ: کنارہ۔ مٹاپا۔ کنواں جو سبز اور تروتازہ مقام میں ہو۔ سمندر کا کنارہ۔

جُدَّ: نہر کا کنارہ۔ سمندر کا کنارہ۔

جَدَّاءَ: وہ اونٹ یا بکری جس کے کان کٹے ہوئے ہوں۔ وہ عورت جس کے پستان چھوٹے ہوں۔

جَدَادُ: کھجور کے پھل توڑنے کا موسم۔

جُدَادَةٌ: کھجور کا توڑا ہوا پھل۔

جِدَارٌ: دیوار جمع جُدُرٌ۔ اَوْ مِنْ وَّرَاءِ جُدُرٍ۔ یا دیواروں کی آڑ میں۔

جَدَارَة: لیاقت۔ اہلیت۔ صلاحیت۔

جَدَاعٌ: سخت سال۔ خشک سالی۔

جِدَالٌ: جھگڑا۔ تنازع۔ بحث کرنا۔

جَدَالُ: کچی کھجور جب ہری اور گول ہوجائے۔

جَدَالَةُ: باریک ریت والی زمین۔

جُدَامٌ: کھجور کی شاخ کی جڑ۔

جُدَامَةُ: گیہوں وغیرہ کی بالیں جو پوری نہ ٹوٹیں اور آدھی باقی رہ جائیں۔

جَدْبٌ: قحط سالی۔ خشک سالی۔ قحط زدہ ہونا۔ عیب لگانا۔ برائی کرنا۔ بخیل پانا۔ مہمان نوازنہ پانا۔ اَرْضٌ جَدْبٌ۔ قحط زدہ زمین۔

جُدَّة: نہر کا کنارہ۔ سمندر کا کنارہ۔ ایک مشہور شہر کا نام جو مکے کے قریب ساحل سمندر پر ہے۔ نشانی۔ علامت۔ راستہ۔ گھاٹی۔ جمع جُدَدٌ۔ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُوْدٌ۔ اور پہاڑوں کے بھی مختلف حصے ہیں، سفید اور سرخ کہ ان کی رنگتیں بھی مختلف ہیں اور بعض بہت گہرے سیاہ ہیں۔

جِدَّةُ: روئے زمین۔ کتے کے گلے میں پڑا ہوا پٹا۔ نیا پن۔ جمع جِدَدٌ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَدَّةٌ: دادی۔نانی۔جمع جَدَّات۔

جَدَثٌ: قبر۔ جمع اَجْدَاثٌ۔ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَاهُمْ مِنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ۔اور جب صور میں پھونک ماری جائے گی تو سب یکا یک قبروں سے نکل کر اپنے پروردگار کی طرف دوڑ پڑیں گے۔

جَدْجَدٌ: ہموار سخت زمین۔

جَدْجَدٌ: سخت اور ہموار زمین۔

جُدْجُدٌ: ٹڈی جیسا ایک جانور جو رات کو بولتا ہے۔جھینگر۔کنواں جس میں بہت پانی ہو۔جمع جداجِدُ۔

جَدْحٌ: پانی میں ستو گھولنا۔گھولنا۔حرکت دینا۔

جَدَّدَ: نیا کرنا۔تازہ کرنا۔ازسرنو کرنا۔دوبارہ کرنا۔

جَدَدٌ: ہموار زمین۔مَنْ سَلَكَ الْجَدَدَ اَمِنَ الْعِثَارَ۔جو ہموار رستے پر چلتا ہے وہ ٹھوکر نہیں کھاتا۔

جَدَرٌ: چیچک میں مبتلا ہونا۔کمر پر پھنسی نکلنا۔زخم ہو جانا۔پھل نکلنا۔پتے نکلنا۔کونپل نکلنا۔دیوار کی آڑ میں چھپ جانا۔

جَدِرٌ: لائق۔سزاوار۔

جَدْرٌ: دیوار۔گھیرا۔دیوار کی جڑ۔جمع جُدْرَان

جَدَرَةٌ: کھجور کے پھول میں پڑنے والا بیج۔بکریوں کا باڑہ۔جمع جَدَرٌ۔

جَدَسٌ: قبیلہ لخم کی ایک شاخ۔

جَدَسٌ: نشان مٹنا۔سخت ہو جانا۔خشک ہو جانا۔زمین کا بنجر ہونا۔

جَدْعٌ: قید کرنا۔ناک، کان، ہاتھ یا ہونٹ کاٹنا۔بدن کا کوئی حصہ کاٹنا۔نَهٰى اَنْ يُضَحّٰى بِجَدْعَاءَ۔ناک کٹی یا کان کٹی بکری کی قربانی سے منع فرمایا۔

جَدَعٌ: کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔جسم کے کٹے ہوئے حصے والا ہونا۔

جَدْفٌ: کاٹنا۔چلتے ہوئے ہاتھ ہلانا۔

جَدَفٌ: وہ شراب جو ڈھکی ہوئی نہ ہو۔شراب کے جھاگ یا تنکے وغیرہ جو پھینکے جائیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَذَفَاءُ: غیبت۔

جَدْلٌ: آدمی یا ہرن کے بچے کا طاقت ور ہونا۔ مضبوط ہونا۔ خوشے میں دانا پڑنا۔ رسی کو بٹنا۔ گرانا۔

جَدَلٌ: بہت جھگڑالو ہونا۔ لَقَدْ اُعْطِیْتُ بَدَلاً۔ اس نے مجھے بات بنانے کی قوت عطا فرمائی۔

جَدْلٌ: پچھاڑنا۔ بالوں کو گوندھانا۔ چوٹی بنانا۔

جَدَّلٌ: کچی کھجور بیچنے والا۔ کبوتر کو پنجرے میں بند کرنے والا۔ بہت جھگڑالو۔

جَدْلَاءُ: مضبوط بنی ہوئی زرہ۔ جمع جُدْلٌ۔

جَذْمٌ: کاٹنا۔ کھجور کے درخت کا پھل دار ہو کر خشک ہو جانا۔

جَذَمَةٌ: پست قامت مرد یا عورت۔ دانے کا بالائی چھلکا۔ جمع جَذَمٌ۔

جَدْنٌ: غربت کے بعد مال دار ہونا۔

جَدَنٌ: خوش آوازی۔

جَدْوٌ: حاجت چاہنا۔ مانگنا۔

جَدْوَى: عطا۔ فائدہ۔ بخشش۔ ہمہ گیر بارش۔ تحفہ۔ شَغَلَتْنِیْ شِعَابِیْ جَدْوَایَ۔ مجھے اپنوں نے دوسروں پر بخشش کرنے سے روک دیا۔

جُدُوسٌ: نشان مٹنا۔ سخت ہو جانا۔ خشک ہو جانا۔ زمین کا بنجر ہونا۔

جَدْوَلٌ: چھوٹی نہر۔ لکیر۔ گول۔ نقشہ۔ نجوم کا حساب۔ خانے دار چارٹ۔ قَالَ الْبَرَاءُ جَدْوَلاً۔ براء نے کہا کہ چھوٹی نہر۔

جَدْیٌ: مانگنا۔ ایک سال سے کم کا بکرا۔ فَجَاءَ بِجَدْیٍ وَ جِدَیَّةٍ۔ وہ بکری اور ہرن لایا۔

جُدَی: قطب کے نزدیک ایک ستارہ جس سے قبلہ معلوم کیا جاتا ہے۔

جَدِیَّةٌ: بہتا ہوا خون۔ خون کا فوارہ۔ چہرے کا رنگ۔ گوشہ۔ جمع جَدَایَا۔ رَمَیْتُ یَوْمَ بَدْرٍ سُهَیْلَ بْنِ عَمْرٍو فَقَطَعْتُ نَسَاهُ فَانْثَعَبَتْ جَدِیَّةُ الدَّمِ۔ میں نے بدر کی لڑائی میں سہیل بن عمرو کے نیزہ مار کر ان کے کولھے کا پٹھا کاٹ دیا تو اس سے خوف کا فوارہ چھوٹ گیا۔

جَدِیْدٌ: نیا۔ موجودہ زمانے کا۔ حال کا بنا ہوا۔ تازہ۔ غیر متوقع دولت۔ جمع جُدُدٌ و جُدَدٌ۔ کُلُّ جَدِیْدٍ لَذِیْذٌ اِلَّا الْمَوْتَ۔ موت کے سوا ہر نئی چیز لذیذ ہے۔

جَدِیْرٌ: احاطہ کی ہوئی جگہ۔ چہار دیواری والا باغ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَدِیْلٌ: چمڑے کی بٹی ہوئی لگام۔ اون کی بٹی ہوئی لگام۔ بٹی ہوئی رسی۔ پٹی۔ جمع جُدُلٌ۔

جَدِیْلَۃٌ: بانس کی پھچیوں کا بنا ہوا پنجرہ۔ قبیلہ۔ گوشا۔ حالت۔ طریقہ۔ راستہ۔ رائے کی پختگی۔ بالوں کی چٹیا۔ جمع جَدَائِلٌ۔

جَذٌّ: جلدی کرنا۔ توڑنا۔ کاٹنا۔ جَذُّوْھُمْ جَذًّا۔ ان کافروں کو پوری طرح کاٹ ڈالو۔ عَطَاءً غَیْرَ مَجْذُوْذٍ۔ بے انتہا عنایت ہے۔

جَذَّاءُ: ٹوٹا ہوا دانت۔ کٹا ہوا۔ یَدٌ جَذّ اءٌ۔ کٹا ہوا ہاتھ۔

جَذَّابٌ: بہت پرکشش۔

جُذَاذٌ: چورا۔ ریزہ۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے کیا ہوا۔ فَجَعَلَھُمْ جُذَاذًا اِلَّا کَبِیْرًا لَھُمْ۔ پھر ابراہیم نے بڑے بت کے سواسب کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

جُذَاذَۃٌ: تراشہ۔ ریزے۔ سونے کا ٹکڑا۔ چاندی کا چھوٹا ٹکڑا۔ جمع جُذَاذٌ۔

جُذَامٌ: ایک مشہور بیماری جس میں اعضا گل سڑ جاتے ہیں۔ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ثُمَّ نَسِیَہٗ لَقِیَ اللہَ وَھُوَ اَجْذَمُ۔ جس نے قرآن سیکھا (یاد کیا) پھر اس کو بھول گیا (پڑھنا چھوڑ دیا) تو وہ جذامی ہو کر اللہ سے ملے گا۔

جُذَامَۃٌ: کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ حصہ۔

جُذَّانٌ: ایک قسم کا نرم پتھر۔

جَذْبٌ: کھینچنا۔ گزرنا۔ چوس لینا۔ دودھ چھڑانا۔ پھیلانا۔

جَذَبٌ: کھجور کے گابھے۔ واحد جَذَبَۃٌ۔ کَانَ یُحِبُّ الْجَذَبَ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے گابھے پسند کرتے تھے۔

جَذْبَۃٌ: ٹکڑا۔ لمبی مسافت۔ چرخے کے ایک چکر میں کتا ہوا دھاگا۔

جُذَّۃٌ: تن پوش، ٹکڑا۔

جَذْرٌ: کاٹنا۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ ہر شے کی جڑ۔ اصل۔ گائے کا سینگ۔ اِحْبِسِ الْمَاءَ حَتّٰی یَبْلُغَ الْجَذْرَ۔ (زبیر) تم پانی کو روکے رہو یہاں تک کہ پانی درختوں کی جڑ تک پہنچ جائے۔

جَذْعٌ: ملنا۔ رگڑنا۔ جانور کو چارے کے بغیر روکے رکھنا۔ روکنا۔ قید کرنا۔ دو اونٹوں کو ایک رسی میں باندھنا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جِذْعٌ: کھجور کا تنہ۔ درخت کا تنہ۔ وَھُزِّیْ اِلَیْکِ بِجِذْعِ النَّخْلَۃِ۔ تُسَاقِطْ عَلَیْکِ رُطَباً جَنِیًّا اور کھجور کے تنے کو اپنی طرف جھکاؤ تیرے اوپر پکی ہوئی تازہ کھجوریں گر پڑیں گی۔

جَذَعٌ: گھوڑے یا گائے کا وہ بچہ جس کی عمر کا تیسرا سال شروع ہو گیا ہو۔ اونٹ کا وہ بچہ جس کی عمر کا پانچواں سال شروع ہو چکا ہو۔

جَذَعُ: لوگوں کا تتر بتر ہونا۔ منتشر ہونا۔ ذَھَبَ القَوْمُ جِذَعَ مِذَعَ۔ قوم تتر بتر ہو گئی۔

جَذَعَمَۃٌ: چھوٹا۔ کمسن۔ اَسْلَمَ اَبُوْبَکْرٍ وَاَنَا جَذَعَمَۃٌ (حضرت علی نے کہا) ابوبکرؓ اس وقت مسلمان ہوئے جب میں کم سن تھا۔

جَذْفٌ: جلدی کرنا۔ چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔ کاٹنا۔

جَذَلٌ: خوش ہونا۔

جِذْلٌ: درخت کی جڑ۔ وہ لکڑی جو اونٹ کے کھجانے کے لئے ان کے تھان میں کھڑی کی جاتی ہے۔ یُبْصِرُ اَحَدُ کُمُ القَذٰی فِی عَیْنِ اَخِیْہِ وَلا یُبصِرُ الجِذْلَ فِي عَیْنِہٖ۔ تم میں سے بعض اپنے بھائی کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے۔ اور اپنی آنکھ کا شہتیر نہیں دیکھتا۔

جِذْلُ: درخت کا تنہ۔ درخت کی جڑ۔

جَذْمٌ: کاٹنا۔ ہاتھ کٹ جانا۔

جِذْمٌ: جڑ۔ بنیاد۔ تنہ۔

جِذْمَۃُ: ہاتھ کاٹنے کی جگہ۔

جِذْمَۃُ: کٹے ہوئے درخت کا باقی ماندہ تنا۔ رَءَیْتُ عِنْدَہٗ جِذْمَۃً مِنَ النَّاسِ۔ میں نے اس کے پاس لوگوں کی ایک جماعت دیکھی۔

جُذْمَۃُ: ٹنڈا پن۔ کوڑھ۔ جذام کی بیماری۔

جَذْوٌ: سیدھا کھڑا ہونا۔ پاؤں کی انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔

جُذُوٌّ: سیدھا کھڑا ہونا۔ پاؤں کی انگلیوں کے بل کھرا ہونا۔

جَذْوَۃٌ: انگارا۔ لکڑی کا ٹکڑا جس میں ایک طرف آگ ہو۔ جمع جِذَاءٌ و جُذًا۔ لَعَلِّیْ اٰتِیْکُمْ مِنْھَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَۃٍ مِنَ النَّارِ لَعَلَّکُمْ تَصْطَلُوْنَ. شاید میں تمہارے پاس وہاں سے کوئی خبر یا آگ کا کوئی انگارا لے آؤں تا کہ تم سینک لو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُذُولٌ: قائم رہنا۔سیدھا کھڑا ہونا۔سیدھا ہونا۔

جَذِیْذٌ: کٹی ہوئی شے کا ٹکڑا۔ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔

جَذِیْذَةٌ:ستّو۔اِنَّهٗ کَانَ یَاْکُلُ جَذِیْذَةً قَبْلَ ان تغْدُ وَفِی حَاجَتِهٖ۔وہ کام کے لئے نکلنے سے پہلے صبح کو ستّو کا گھونٹ پی لیتے۔رَاَیْتُ عَلِیّاً یَشْرَبُ بَذِیْذًا حِیْنَ اَفْطَرَ۔میں نے دیکھا کہ حضرت علی افطار کے وقت ستّو پی رہے تھے۔

جُذَیْلٌ: جَذْلٌ کی تصغیر: اَنَا جُذَیْلُهَا الْمَحَّكُ وَعُذَ یْقُهَا الْمُرَجَّبُ۔(خلافت کے بارے میں مشورے کے وقت حباب بن منذر نے کہا) میں اس معاملے کی وہ لکڑی ہوں جس سے کھجلی دور کی جاتی ہے،اور کھجور کا وہ درخت ہوں جس کو پھل کے بوجھ کی وجہ سے سہارا دیتے ہیں کہ وہ گرے نہیں۔یعنی میں بڑا صائب الرائے ہوں،میری رائے لے کر لوگ اپنی مشکل دور کرتے ہیں۔

جَذِیْمَةُ:ایک قبیلے کا نام۔

جَرّاً: حاملہ عورت کے حمل کا وقت سے زیادہ ہونا۔کھینچنا۔گھسیٹنا۔

جَرَّادٌ: بڑا عظیم الشان۔کمہار۔بہت کھینچنے والا۔

جَرَاءَ ةٌ: بہادری۔دلیری۔مردانگی۔جسارت۔وَقَوْمُهٗ جُرَاءُ عَلَیْهِ۔اس کی قوم والے اس پر شیر ہو گئے تھے۔

جِرَابُ:توشہ دان۔چمڑے کا تھیلا،غلاف۔قبیلہ۔جمع جُرُبٌ۔

جُرْءَ ةٌ:بہادری۔دلیری۔مردانگی۔جسارت۔

جِرَاجُ: گیرج۔موٹر کھڑی کرنے کی جگہ۔

جَرّاحُ:زخم کی دوا کرنے والا۔زخم کا علاج کرنے والا۔

جِرَاحَةٌ:زخم۔گوشت کا چیرنا۔

جَرَادُ: ٹڈی۔اَلْجَرَادُ مِنْ صَیْدِ الْبَحْرِ۔ٹڈی دریا کے شکار میں داخل ہے۔یعنی جیسے دریا کا شکار ذبح کئے بغیر درست ہے ایسے ہی ٹڈی بھی ذبح کئے بغیر حلال ہے۔سُئِلَ عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ لَا اٰکُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ۔ ٹڈی کے بارے میں آپ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ نہ میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ حرام کرتا ہوں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُرَازٌ: عمدہ کاٹنے والی تلوار۔

جَرَازٌ: ایک بوٹی۔

جُرَاشَۃٌ: وہ خشکی جو سر کو کھجانے یا کنگھا کرنے سے جھڑتی ہے۔ دلیا۔ دلے ہوئے گیہوں وغیرہ۔

جُرَاضٌ: بڑا اونٹ۔ اپنے بچے پر مہربان اونٹنی۔

جُرَاضِمٌ: بہت کھانے والا۔ موٹا تازہ۔

جُرَافٌ: صفایا کر دینے والی چیز۔ مَوْتٌ جُرَافٌ۔ بھیانک موت۔ رَجُلٌ جُرَافٌ۔ بہت کھانے والا۔

جَرَّافٌ: بہت تیزی سے بہا لے جانے والا۔

جَرَّافَۃٌ: کدال۔ بیلچا۔ پھاوڑا۔

جِرَامٌ: گرام۔ (ایک وزن) ایک کلو کا ہزارواں حصہ۔

جَرَامٌ: گٹھلی۔ خشک کھجوریں۔

جِرَامٌ: گرام۔ کلو کا ہزارواں حصہ۔

جِرَامًا: پھل توڑنا۔ کھجور کے درخت سے کھجوریں توڑنا۔

جُرَامَۃٌ: گری ہوئی کھجوریں (توڑتے وقت)

جَرَامِیْزُ: انسان کے جسم کے اعضا۔ جمع جَرَامِیْزَۃ۔

جِرَانٌ: اونٹ کی گردن کا اندرونی حصہ۔ اَلْقٰی الْبَعِیْرُ جِرَانَہٗ۔ اونٹ بیٹھ گیا۔

جَرَبٌ: چمڑے کا وہ غلاف جس میں تلوار نیام سمیت رکھی جاتی ہے۔

جَرْبَاءُ: قحط زدہ زمین۔ آسمان۔

جِرِبَّانٌ: گریبان۔

جُرُبَّانٌ: گریبان، تلوار کی میان۔ دھار۔

جُرْأَۃٌ: بہادری۔ دلیری۔ مردانگی۔ جسارت۔

جَرَّۃٌ: مٹی کا گھڑا۔

جِرَّۃٌ: خانہ بدوش۔ جگالی۔ جمع جِرَرٌ۔ ھُوَ لَا یَکْظِمُ عَلٰی جِرَّتِہٖ۔ وہ اپنے راز کو نہیں چھپاتا۔

جُرْثُمَۃٌ: جڑ۔ وہ مٹی جو درخت کی جڑوں پر جمع ہو جاتی ہے۔ اَلاَسَدُ جُرْثُوْمَۃُ العَرَبِ فَمَنْ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اَصَلَّ نَسَبَہٗ فَلْیَأْتِہِمْ ۔ اسد کا قبیلہ عربوں کی جڑ ہے سو جس کو اپنا خاندان معلوم نہ ہو وہ آ کر اس میں شامل ہو جائے۔ لَمَّا اَرَادَ ابن الزُّبَیْرِ بِنَاءَ الْکَعْبَۃِ کَانَتْ فِی الْمَسْجِدِ جَرَاثِیْمُ: جب عبداللہ بن زبیر نے کعبہ کو (گرا کر) نئے سرے سے تعمیر کرنا چاہا تو اس وقت مسجد میں جگہ جگہ قبیلے تھے۔

جَرْجٌ: پریشانی۔ اضطراب۔ بے قراری۔ بے چین۔ ڈھیلا ہونا۔ سخت پتھریلی زمین۔

جَرْجَارٌ: گرج۔ بادل کی آواز۔

جَرْجَرَۃٌ: اونٹ کا بلبلانا۔ غٹ غٹ پینے کی آواز جو حلق سے نکلتی ہے۔ جَرْجَرَ فَوَضَعَ جِرَانَہٗ (اونٹ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے مالکوں کی شکایت کرتے ہوئے)۔ بڑبڑ کر کے اپنی گردن زمین پر رکھ دی۔ قَوْمٌ یَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ لَایُجَاوِزُ جَرَاجِرَھُمْ۔ کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو قرآن تو پڑھیں گے مگر وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا (ان کے دل پر کچھ اثر نہ ہوگا)۔

جَرْجَمَۃٌ: پینا۔ گرانا۔ کھانا۔ ثُمَّ جَرْجَمَ بَعْضَھَا عَلٰی بَعْضٍ۔ پھر ایک کو دوسرے پر گرا دیا۔

جِرْجِیْرٌ: ساگ۔ ایک مشہور سالن۔ حَتّٰی یَنْبُتُ فِیْ قَعْرِھَا الْجِرْجِیْرُ۔ یہاں تک کہ اس کی تہ میں جرجیر (ساگ) اگ آئے گا۔ یعنی دوزخ ٹھنڈی ہو جائے گی۔

جَرْحٌ: زخمی کرنا۔ کمانا۔ گالی دینا۔ عیب بیان کرنا۔

جُرْحٌ: زخم۔ گوشت کا چیرنا۔ مَنْ بِہٖ قُرْحَۃٌ اَوْ جُرْحٌ۔ جس کو پھوڑا یا زخم ہو۔

جَرْدٌ چھلکا اتارنا۔ بال نکالنا۔ ننگا کرنا۔ اَھْلُ الْجَنَّۃِ جُرْدٌ مُرْدٌ۔ اہل جنت بغیر بال اور بغیر ڈاڑھی موچھ ہوں گے۔ تَجَرَّدُوْا بِالْحَجِّ وَاِنْ لَّمْ تُحْرِمُوْا۔ حاجیوں کی مشابہت کرو اگرچہ حج کا احرام نہ باندھا ہو۔ اَلسَّوِیْقُ یَجْرُدُ الْمِرَّۃَ وَالْبَلْغَمَ جَرْدًا۔ ستو پت اور بلغم کو بالکل نکال دیتا ہے۔

جَرَدًا: جسم کا بالوں سے خالی ہونا۔ زمین کا نباتات سے خالی ہونا۔ پرانا ہونا۔ برہنہ کرنا۔ کسی کے کپڑے اتارنا۔ گنجا۔ سر منڈا۔

جَرْدَاءُ: چٹیل۔ چکنی۔

جَرْدَۃٌ: پرانی چادر۔ پرانا کپڑا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَرْدَقُ: موٹی روٹی۔ڈبل روٹی۔

جَرْدَلُ: بالٹی۔ڈول۔جمع جَرَادِلُ۔

جَرْدَلَةٌ: گرنے کے قریب ہونا۔

جَرْذًا: زخم کا گلٹی بن جانا۔

جَرَذًا: زخم کا گلٹی بن جانا۔گھوڑے کی ایڑی کے اوپر ورم ہونا۔

جُرَذٌ: بڑا چوہا۔جنگلی چوہا۔جمع جِرْذَانٌ۔

جَرِذَةٌ: بہت چوہوں والی زمین۔

جَرْزٌ: جلدی جلدی کھانا۔مار ڈالنا۔کاٹ دینا۔

جَرُزٌ: موٹا ہونا۔سخت ہونا۔

جِرْزٌ: عورتوں کا لباس جو اونٹ کے بالوں اور بکریوں کی کھالوں سے بنایا جاتا ہے۔سَأَلْتُهُ عَنِ اللِّحَافِ مِنَ الثَّعَالَبِ وَ الْجِرْزِ۔ میں نے ان سے پوچھا لومڑیوں کی کھالوں کے کپڑے اور جرز میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَاءَ اِلَى الاَرْضِ الجُرُزِ۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم پانی کو بنجر زمین کی طرف بہا کر لے جاتے ہیں۔

جُرُزٌ: بنجر زمین۔قحط زدہ زمین۔

جُرْزَةٌ: بنڈل۔گٹھا۔جمع جُرَزٌ۔

جَرْسٌ: بات کرنا۔چاٹنا۔ہلکی آواز نکالنا۔مَاسَمِعْتُ لَهُ جَرْسًا۔ میں نے اس کی آواز نہیں سنی۔فَيَسْمَعُوْنَ صَوْتَ جَرْسِ طَيْرِ الْجَنَّةِ۔ وہ جنت کے پرندوں کی آواز سنیں گے۔صَلْصَلَةُ الجَرَسِ۔ گھنٹے کی آواز۔

جِرْسٌ: آواز۔ہلکی آواز۔

جَرْشٌ: سخت چیز کھانے کی آواز۔چھیلنا۔ملنا۔رگڑنا۔کھجانا۔اَتَاهُ بِجَرْشٍ مِّنَ الَّيْلِ۔ وہ اخیر رات میں اس کے پاس آیا۔

جَرَشٌ: شام میں ایک شہر۔

جَرْضٌ: گلا گھونٹنا۔جان کا حلق تک آجانا۔اچھو ہونا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَرْعٌ: نگلنا۔ پانی کا گھونٹ بھر لے نا۔ ایک دم پی لے نا۔ غصے کو پینا۔

جَرْعٌ: نگلنا۔ پانی کا گھونٹ بھر لے نا۔ ایک دم پی لے نا۔ غصے کو پینا۔

جُرْعَةٌ: پانی کا ایک گھونٹ۔ مَا بِهٖ حَاجَةٌ اِلٰى هٰذِهِ الْجُرْعَةِ۔ اس کو اس گھونٹ کی کوئی حاجت نہیں۔ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا جُرْعَةٌ دنیا میں سے صرف ایک گھونٹ باقی ہے۔ (باقی سارا وقت گزر گیا)۔

جَرْفٌ: بسیار خور ہونا۔ حریص ہونا۔ سب لے لینا۔ صاف کرنا۔ جَرَفَ السَّيْلُ الْوَادِيَ۔ سیلاب نے وادی کے کناروں کو ختم کر دیا۔

جُرُفٌ: دریا کا کھوکھلا کنارا۔

جُرُفٌ: مدینے کے قریب ایک مقام کا نام۔ دریا کا کھلا کنارا۔ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ۔ بھلا جو اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور اس کی رضا پر رکھے وہ بہتر ہے یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی کھائی کے کنارے پر رکھی ہو جو گرنے ہی والی ہے۔

جِرْفَةٌ: روٹی کا ٹکڑا۔ جمع جِرَفٌ۔

جَرْمٌ: کاٹنا۔ برانگیختہ کرنا۔

جِرْمٌ: جسم۔ رنگ۔ آواز۔ حلق۔ كَانَ حَسَنَ الْجِرْمِ۔ وہ خوب صورت یا خوب صورت آواز والا تھا۔

جُرْمٌ: گناہ۔ قصور۔ جرم۔ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰى اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى کسی قوم کی دشمنی تمہیں عدل سے نہ روکے۔ عدل کیا کرو۔ یہی تقوے کے قریب تر ہے۔

جَرَّمٌ: بالکل کاٹ دینا۔

جِرْمَةٌ: توڑی ہوئی گدّر کھجور۔

جَرْمَزَةٌ: سمٹ جانا۔ اکٹھا ہونا۔ لوٹنا۔ بھاگنا۔

جُرْمُوْزٌ: باغیچہ یا صاف میدان میں بنا ہوا حوض جہاں سے پانی بہتا ہو۔ چھوٹا گھر۔ گڑھا۔

جَرْنٌ: پینا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُرْنٌ: کھلیان۔غلہ اکٹھا کرنے کی جگہ۔پانی کا حوض۔ہاون دستہ۔کھرل۔جمع اُجْرَانٌ۔اِنَّهٗ كَانَ لَهٗ جُرْنٌ مِنْ تَمْرٍ۔اس کے لئے کھجور کے کئی کھلیان تھے۔

جَرْوٌ: چھوٹا پھل۔چھوٹی چیز۔خم دار پھل جیسے ککڑی وغیرہ۔ہر درندے کا چھوٹا بچہ۔جمع جِرَاءٌ۔

جِرْوٌ: چھوٹا پھل۔چھوٹی چیز۔خم دار پھل جیسے ککڑی وغیرہ۔ہر درندے کا چھوٹا بچہ۔

جُرْوٌ: چھوٹا پھل۔چھوٹی چیز۔خم دار پھل جیسے ککڑی وغیرہ۔ہر درندے کا چھوٹا بچہ۔ اُهْدِيَ لَهٗ اَجْرٌ زُغْبٌ۔آپ کو ککڑیاں تحفے میں دی گئیں جن پر نرم نرم روئیں تھے۔

جَرُوْزٌ: سرکش جانور۔بے قابو گھوڑا۔جمع جُرُزٌ۔

جَرُوْفٌ: بیلچہ۔پھاوڑا۔کدال۔

جُرُوْنٌ: عادت بنالینا۔کسی کام کا عادی ہونا۔

جِرْهَامٌ: شیر۔بڑا اونٹ۔بڑا پہاڑ۔

جُرْهُمٌ: یمن کا ایک قدیم قبیلہ۔حضرت اسماعیل کی شادی اسی قبیلے میں ہوئی تھی۔

جَرْيٌ: بہنا۔گزرنا۔واقع ہونا۔جاری۔رواں۔موجودہ۔

جِرِيْئَةٌ: گلا۔حلق۔

جَرِيْبٌ: کھیت۔مٹی ملی ہوئی کنکریاں۔زمین ناپنے کا ایک پیمانہ جس کی لمبائی ٦۵ ہاتھ کے برابر ہوتی ہے۔جمع اَجْرِبَة۔

جِرِّيْتٌ: بام مچھلی جو سانپ کی شکل کی ہوتی ہے۔

جَرِيْحٌ: زخمی۔زخم خوردہ۔

جَرِيْدَةٌ: ڈالی۔شاخ۔ثُمَّ اَخَذَ جَرِيْدَةً۔پھر آپؐ نے کھجور کی ایک ہری شاخ لی۔

جَرِيْرٌ: رسی۔جانور کو کھینچنے کی رسی۔

جَرِيْرَةٌ: قصور۔

جَرِيْشٌ: دلیا۔دلی ہوئی چیز۔رَجُلٌ جَرِيْشٌ۔پختہ کار آدمی۔

جَرِيْضٌ: اچھو۔غصے سے موت کے قریب ہونے والا۔شکستہ دل۔بہت غم گین۔جمع جَرْضٰی۔ حَالَ الْجَرِيْضُ دُوْنَ الْقَرِيْضِ۔خوشی میں غم حائل ہوگیا۔(ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جب کسی کام میں رکاوٹ پیدا ہو جائے)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُرَیْعَۃٌ: چھوٹا گھونٹ (تصغیر)۔

جَرِیْمٌ: گناہ گار۔

جَرِیْمٌ: توڑی ہوئی کھجور۔

جَزْءٌ: بانٹنا۔ قناعت کرنا۔

جُزْءٌ: ٹکڑا۔ حصہ۔ اکتفا کرنا۔ لَاتَجْعَلُ لِلشَّیْطٰنِ جُزْءً ا (اپنی نماز میں) شیطان کا حصہ نہ لگا۔

جَزَاءٌ: بدلہ دینا۔ کافی ہونا۔ فائدہ پہنچانا۔ وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَاتَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَیْئًا۔
اوراس دن سے ڈرو جب کوئی شخص کسی کے ذرا بھی کام نہ آئے گا۔ اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا
اَجْزِیْ بِہٖ۔ روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کا بدلہ دوں گا۔

جِزَازٌ: فصل کی کٹائی اور تڑائی کا وقت، اون کترنے کا وقت۔ پھل توڑنے کا وقت۔

جُزَازٌ: ہر چیز کا کٹا ہوا یا کترا ہو حصہ۔ کتری ہوئی اون کے ٹکڑے۔

جَزَّازٌ: اون کترنے والا۔ اون کاٹنے والا۔

جُزَازَۃٌ: کترن۔ تراشہ۔ ٹکڑا۔

جُزَافٌ: اندازہ کرنا۔ اٹکل سے کام کرنا۔ خرید وفروخت میں ناپ تول نہ کرنا۔ اِبْتَاعُوْا الطَّعَامَ
جُزَافًا۔ اناج ناپے تولے بغیر خریدا۔ (یوں ہی ڈھیر لگا کر)۔

جَزَّافٌ: صیاد۔ شکاری۔ مچھیرا۔

جِزَالٌ: کھجور کی تڑائی کا وقت۔

جَزَالَۃٌ: فصاحت۔ سنجیدگی۔ متانت۔ پختہ رائے۔ بڑا ہونا۔ زیادہ ہونا۔

جِزَامٌ: کھجور توڑے کا وقت۔

جَزْعٌ: کاٹنا۔ طے کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔

جَزَعٌ: بے صبری کرنا۔ رونا دھونا۔ ڈرنا۔ گھبرانا۔ مایوس ہونا۔ پریشان ہونا۔ ثُمَّ جَزَعَ
الصُّفَیْرَاءَ۔ پھر آپ نے وادی صفرا کو طے کیا۔ (جنگ بدر میں)

جَزَعٌ: گھبراہٹ۔ بے چینی۔ پریشانی۔ بے صبری۔

جَزِعٌ: پریشان۔ گھبرایا ہوا۔

جَزْفٌ: ناپ تول کے بغیر بیچنا یا خریدنا۔ انداز سے خریدنا یا بیچنا۔ اٹکل سے کام کرنا۔ پیمانے سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زیادہ دینا۔

جِزْفَۃٌ: حصہ۔ ٹکڑا۔ چوپایوں کا گلہ۔

جَزْلٌ: کاٹنا۔ دو ٹکڑے کرنا۔ خشک اور بڑی لکڑیاں۔ لَمَّا اِنْتَھیٰ اِلَی الْعُزّٰی لِیَقْطَعَھَا فَجَزَلَھَا بِاثْنَتَیْنِ۔ جب وہ (خالد بن ولید) عزّیٰ کو کاٹنے لگے تو انھوں نے کاٹ کر اس کے دو ٹکڑے کر دیئے۔ اِجْمَعُوْا لِیْ حَطَبًا جَزْلاً۔ میرے لئے موٹی موٹی لکڑیاں جمع کرو۔

جِزْلَۃٌ: ٹکڑا۔ اِنَّہٗ یَضْرِبُ رَجُلاً بِالسَّیْفِ فَیَقْطَعُہٗ جِزْلَتَیْنِ۔ دجال ایک شخص کو تلوار سے مار کر دو ٹکڑے کر دے گا۔

جَزْلَۃُ: ٹکڑا۔ سلائس۔

جَزْمٌ: کاٹنا۔ قطعی فیصلہ کرنا۔ تہیہ کرنا۔ عزم کرنا۔ قسم پوری کرنا۔ پختہ کرنا۔ لازم کرنا۔

جَزْمَۃ: ایک وقت کا کھانا۔ بوٹ۔ جوتا

جِزْمَۃُ: ٹکڑا۔ حصہ۔ دس یا اس سے کم چوپاؤں کا گلہ۔

جُزُوْءً ا: ٹکڑا۔ حصہ۔ اکتفا کرنا۔

جَزُوْزُ: بکرے یا بکری کی کاٹی ہوئی اون۔

جِزْیَۃٌ: زمین کا خراج۔ لگان۔ وہ ٹیکس جو اسلامی حکومت غیر مسلموں پر لگاتی ہے۔ حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ عَنْ یَدٍ وَّھُمْ صَاغِرُوْنَ۔ یہاں تک کہ وہ ذلیل ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ دینا منظور کر لیں۔

جَزِیْزُ: کترا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

جَزِیْلُ: بڑا۔ بہت۔ فصیح۔ عمدہ رائے والا۔ فیاض۔

جَسٌّ: چھونا۔ زمین کو روندنا۔ تحقیق کرنا۔ سراغ لگانا۔ ٹٹول کر دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا۔ فَجَسَّھَا رَجُلٌ بِیَدِہٖ۔ ایک شخص نے اس کو ہاتھ سے ٹٹولا۔

جِسَادٌ: زعفران۔ خشک خون۔ ہر وہ رنگ جو زرد یا انتہائی سرخ ہو۔ اِنّ اِمْرَءَ تَہٗ لَیْسَ عَلَیْھَا اَثَرُ وَالْمَجَاسِدِ۔ اس کی عورت پر رنگین کپڑوں کا نشان نہیں ہے۔

جَسَّارُ: لمبا تڑنگا آدمی۔ دلیر۔ تیز۔ من چلا۔ بہت شوخ۔ بے ادب۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَسَارَةٌ: شوخی۔ بے ادبی۔ دلیری۔ بہادری۔ بے باکی۔

جَسَارَةٌ: پل۔ پل بنانا۔ ہمت کرنا۔ کرگزرنا۔ دراز قامت۔

جَسَّاسُ: بہت سراغ لگانے والا۔ زبردست جاسوس۔

جُسَامُ: جسامت والا۔ ڈیل ڈول والا۔

جَسَامَةُ: ضخامت۔ تناوری۔ بھاری پن۔

جَسَدٌ: جسم۔ بدن۔ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلاً جَسَدًا لَهٗ خُوَارٌ۔ پھر اس نے ان کے لئے ایک بچھڑا نکالا جو ایک دھڑ تھا، جس میں سے ایک آواز نکلتی تھی۔

جَسْرٌ: پل۔ پل بنانا۔ ہمت کرنا۔ کرگزرنا۔ دراز قامت۔ عَلَيْهِ جَسْرٌ (اس دوزخ) پر ایک پل ہوگا۔

جِسْرُ: پل۔ نہر کا کنارا۔ دو زمینوں کے درمیان حد فاصل۔

جِسْرُ الْبَنَّاءُ: مچان جس پر کھڑے ہو کر تعمیر کی جاتی ہے۔

جَسْرُ الْعَائِمِ: کشتیوں سے بنا ہوا پل۔

جَسْرُ الْمُعَلَّقُ: معلق پل۔ جھولا پل۔ بغیر ستون کا لٹکا ہوا پل۔

جِسْمُ: بدن۔ ڈھانچہ۔

جُسْمَانُ: جسم۔ بدن۔

جُسْمَانِيُّ: جسمانی۔ بدنی۔ بھاری بھرکم۔

جِسْمِيٌّ: جسمانی۔ بدنی۔

جَسُوْرُ: بہادر۔ دلیر۔ نڈر۔ باہمت۔ بے باک۔

جُسُوْرًا: پل۔ پل بنانا۔ ہمت کرنا۔ کرگزرنا۔ دراز قامت۔

جَسِيْسٌ: جاسوس۔

جَسِيْمُ: تناور۔ طاقت ور۔ زبردست۔ بھاری بھرکم۔

جَشٌّ: لوگوں کا اجتماعی طور پر کوچ کرنا۔ غلہ دلنا۔ کوٹنا۔ آواز بیٹھ جانا۔ جھاڑنا۔ صاف کرنا۔ فَعَمَدَتْ اِلٰی شَعِيْرٍ فَجَشَّتْهُ وہ جو کی طرف اٹھی اور اس کو پیس ڈالا۔

جُشٌّ: رات کا حصہ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُشَاءٌ: ڈکار۔

جَشَاءٌ: جی متلانا۔ دل گھبرانا۔ قے آنے کو ہونا۔ سانس پھولنا۔ تنگی کرنا۔ فَجَشَأَ عَلٰی نَفْسِہٖ۔ اس نے اپنے اوپر تنگی کی۔

جُشَاءٌ: جی متلانا۔ دل گھبرانا۔ قے آنے کو ہونا۔ سانس پھولنا۔ تنگی کرنا۔

جَشَّاءُ: کنکریلی زمین جو کھجور بونے کے لائق ہو۔

جُشَارٌ: کھانسی۔ بیٹھی ہوئی آواز۔ کھردری آواز۔

جَشَّارٌ: اس چراگاہ کا مالک جس میں مویشی ٹھہرے ہوئے ہوں۔

جَشُبٌ: بدمزہ ہونا۔ روکھا ہونا۔ کھردرا ہونا۔ معمولی غذا۔ اَنَّہٗ صلی اللہ علیہ وسلم کان یَاْکُلُ الجَشِبَ مِنَ الطَّعَامِ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم معمولی کھانا کھاتے تھے۔

جُشَّةٌ: سختی۔ آواز کی کرختگی۔ بھدا پن۔

جَشْرًا: میلا ہونا۔

جُشِرَ: خشک کھانسی ہونا۔

جَشَّرٌ: چھوڑ دینا۔ برتن کو خالی کرنا۔ جانوروں کو چراگاہ لے جانا۔

جُشْرَةٌ: زکام۔

جَشَشٌ: موٹی اور بیٹھی ہوئی آواز۔ بھاری آواز۔

جَشَعٌ: حرص کرنا۔ طمع کرنا۔ کسی کی جدائی پر رونا۔ رنج کرنا۔ اَیُّکُمْ یُحِبُّ اَنْ یُعْرِضَ اللہُ عَنْہُ فَجَشِعْنَا۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم میں سے کون اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اللہ اس کی طرف سے منہ پھیر لے۔ صحابہ کہتے ہیں کہ یہ سن کر ہم رونے لگے۔ فَبَکٰی مُعَاذٌ جَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُوْلِ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضرت معاذ آپ کی جدائی کے غم سے رونے لگے۔ (جب آپ نے ان کو یمن کی طرف روانہ فرمایا)۔

جَشِعٌ: لالچی۔ حریص۔

جَشَمٌ: موٹا ہونا۔ بھاری ہونا۔ کام کو مشقت کے ساتھ کرنا۔

جُشَمٌ: انصار کا ایک قبیلہ۔

جُشُوْءٌ: جی متلانا۔ دل گھبرانا۔ قے آنے کو ہونا۔ سانس پھولنا۔ تنگی کرنا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَشُوبُ: اکھڑ اور سخت مزاج عورت۔

جُشُورًا: پوہ پھٹنا۔صبح ہونا۔چوپاؤں کا چراگاہ میں ٹھہرنا۔

جَشِیرُ: بڑا پیالہ۔بڑا بورا۔گٹھا۔جمع اَجْشِرَة۔

جَشِیْشُ: دلیا۔

جَشِیْشَةُ: دلیا۔

جِصٌّ: سرخی وغیرہ ملا ہوا چونا۔عمارتی مسالا۔

جُصَاجِصُ: سفید ہموار جگہ۔

جَصَّاصُ: چونا بنانے والا۔چونا فروخت کرنے والا۔

جَصَاصَةُ: چونے کی بھٹی۔

جَصِیْصَةُ: قریب قریب رہنے والے لوگ۔

جَضٌّ: اکڑ کر چلنا۔اترا کر چلنا۔حملہ کرنا۔

جَضْدٌ: کوڑے مارنا۔

جِضَمٌّ: جس کی پسلیاں اور کمر موٹی ہو۔

جَظٌّ: مغرور۔گھمنڈ والا۔دوڑنا۔موٹا ہونا۔پچھاڑ دینا۔اَهْلُ النَّارِ كُلُّ جَظٍّ مُسْتَكْبِرٍ۔ہر مغرور و متکبر دوزخ میں جائے گا۔

جَعَّابُ: ترکش بنانے والا۔ترکش فروخت کرنے والا۔فَانْتَزَعَ طَلَقًا مِنْ جَعْبَتِهٖ۔اس نے اپنے تیردان سے ایک تسمہ نکالا۔

جِعَارُ: وہ رسی جس کا ایک سرا کنویں میں اترنے والا اپنی کمر میں باندھ لیتا ہے اور دوسرا سرا کنویں سے باہر کسی چیز سے بندھا ہوا ہوتا ہے۔

جِعَالُ: کام کی اجرت۔رشوت۔

جِعَالَةُ: کام کی اجرت۔رشوت۔

جَعْبٌ: تیردان بنانا۔پچھاڑنا۔جمع کرنا۔پلٹ دینا۔بچھڑنا۔

جَعْبَةُ: تیروں کا تھیلا۔ترکش۔جمع جِعَابُ۔

جَعْبَرٌ: پست قد۔غلیظ۔موٹا اور چھوٹا پیالہ جس کی تراش نامکمل ہو۔جمع جَعَابِرُ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَعْبَرَةٌ: پچھاڑنا۔

جَعْبَرِیٌّ: پستہ قامت اور گٹھا ہوا۔ بھدا آدمی۔

جُعْبُوْبٌ: پست اور بھدا۔ ایسا کمزور جو کسی مصرف کا نہ ہو۔ جمع جَعَابِیْبُ۔

جُعْبِیْ: سرخ چیونٹی۔

جِعَةٌ: جو کی شراب۔ نَھٰی عَنِ الجِعَةِ۔ آپ نے جو کی شراب سے منع فرمایا۔

جَعْثَلٌ: سخت مزاج۔ تندخو۔ بڑے پیٹ والا۔

جَعْثَمٌ: لڑھکنا۔ سکڑنا۔

جِعْثِمٌ: ایک سبزی کی جڑیں۔

جِعْثِنٌ: ایک سبزی کا نام۔

جَعْجَاعٌ: تنگ اور سخت جگہ۔ شوروغل کرنے والا۔ قید خانہ۔

جَعْجَعٌ: تنگ اور کھردری جگہ۔ سخت جگہ۔ نشیبی جگہ۔

جَعْجَعَةٌ: ہلانا۔ بٹھانا۔ بیٹھنا۔ تنگ کرنا۔ روکنا۔ قید کرنا۔ شور۔ چکی کی گڑگڑاہٹ۔

جَعْدٌ: گھنگریالے بال۔ مڑنا۔ سکڑنا۔ حقیر۔ بخیل۔ مضبوط بدن کا پست قد۔ اِنْ جَاءَتْ بِهٖ جَعْدًا۔ اگر اس کے گھنگریالے بال والا بچہ پیدا ہو۔

جُعْدُبَةٌ: حباب۔ بلبلہ۔ مکڑی کا گھر۔

جَعْدَةٌ: گھنگریالے بالوں کی لٹ۔ کاغذ یا کپڑے کی سلوٹ۔ جلد کی جھری۔

جَعْرٌ: مزاج کا خشک ہونا۔ آواز کرنا۔ پیخانہ کرنا۔

جُعْرَةٌ: کمر میں رسی باندھنے کا نشان۔

جَعْسٌ: ہوا خارج کرنا۔ پیخانہ کرنا۔ گوبر۔ لید۔

جُعْسُوْسٌ: پست قد اور بھدا۔ گھٹیا اخلاق والا۔ گھٹیا نسب والا۔

جَعْشَمٌ: وسط۔ درمیان۔ بیچ۔ جمع جَعَاشِمُ۔

جُعْشُمٌ: پست قد اور موٹا۔ جمع جعا شِیْمُ۔

جَعْظٌ: بغاوت کرنا۔ معاملہ خراب کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ بداخلاق اور تند مزاج ہونا۔ خود پسند۔ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَھْلِ النَّارِ کُلُّ جَظٍّ جَعْظٍ۔ کیا میں تمہیں نہ بتاؤں کہ ہر مغرور، خود پسند

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یا بد اخلاق اہل دوزخ میں سے ہے۔

جِعْظَانٌ: بونا۔ پست قد۔

جَعْظَرَةٌ: پیٹھ موڑ کر بھاگنا۔ آہستہ دوڑنا۔

جَعْفٌ: گرانا۔ کاٹنا۔ اکھاڑنا۔ پچھاڑنا۔ تھوڑا۔ مَاعِنْدَهُ مِنَ الْمَتَاعِ اِلَّا جَعْفٌ۔ اس کے پاس تھوڑا سامان ومتاع ہے۔

جَعْفَرٌ: چھوٹی نہر۔ ندی۔ نالا۔ بہت دودھ دینے والی اونٹی۔

جَعْفَلَةٌ: کسی کو یہ کہنا کہ میں تجھ پر صدقے۔

جُعْفِیُ: ایک قبیلے کا نام۔

جُعْلٌ: مزدوری۔ اجرت۔ انعام۔ حق محنت۔

جَعْلٌ: بنانا۔ گمان کرنا۔ دینا۔ پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ۔ اور تاریکیوں اور نور کو بنایا۔ لَمْ اَجْعَلْهَا بِظَهْرٍ۔ میں نے تیری ضرورت کو پس پشت نہیں ڈالا۔ وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ۔ اور بعد میں آنے والے لوگوں میں میرا ذکر خیر باقی رکھ۔

جَعَلاً: پانی میں کیڑوں کا پیدا ہونا۔ اجرت۔ مزدوری۔ موٹا۔ پست قد۔ جھگڑالو۔

جَعِیسٌ: گاڑھا اور موٹا۔

جَعِیْلَةٌ: اجرت۔ مزدوری۔ رشوت۔ بھیڑ بکریوں کا گلہ۔ جمع جَعَائِلٌ۔

جَفٌّ: جمع کرنا۔ خشک ہونا۔ جماعت۔ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ کَائِنٌ۔ (قیامت تک) جو کچھ ہونے والا ہے اس کو لکھ کر قلم خشک ہو گیا۔

جُفٌّ: ہر کھوکھلی چیز۔ کھجور کے خوشوں کی تھیلی۔ جماعت۔ گروہ۔ جمع جُفُوْف۔

جَفْأٌ: گرا دینا۔ پھینک دینا۔ اوندھا کر دینا۔ جھاگ اٹھنا۔ پچھاڑ دینا۔ جَفَا الْبَقْلَ وَالشَّجَرَ جَفْأً۔ سبزی یا درخت کو کاٹ دینا۔

جَفْأٌ: بیٹ کرنا۔

جُفَاءٌ: جھاگ۔ ہنڈیا کا ابال۔ خس وخاشاک۔ وادی کا کوڑا کرکٹ۔ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْهَبُ جُفَاءً۔ سو وہ جھاگ تو سوکھ کر جاتا رہتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَفَاجِفُ: لباس۔شکل وصورت۔

جَفَّاخٌ: غرور کرنے والا۔فخر کرنے والا۔

جُفَافُ: خشک کی ہوئی چیز۔

جَفَافُ: خشکی۔روکھا پن۔خشک مزاجی۔

جُفَافَةُ: بکھری ہوئی گھاس۔

جُفَالُ: جھاگ۔خس وخاشاک۔

جُفَایَةُ: خالی کشتی۔

جُفَّةُ: گروہ۔چھوٹا ڈول۔

جَفْجَفٌ: گڑھا۔کھائی۔کشادہ ہموار میدان۔بہت بولنے والا۔

جَفْخَا: فخر کرنا۔غرور کرنا۔

جَفْرٌ: بڑا ہونا۔کھانے کے لائق ہو جانا۔بکری کے بچے کا بڑا ہونا۔فَخَرَجَ اِلَیَّ اِبْنٌ لَهُ جَفْرٌ۔ ایک لڑکا میری طرف نکلا جس کے پاس بکری کا ایک بچہ تھا۔

جُفْرَةُ: ہر شے کا درمیان اور بڑا حصہ۔گول بڑا گڑھا۔جمع جِفَارٌ و جُفَرٌ۔فَوَجَدْنَاهُ فِیْ بَعْضِ تِلْكَ الجِفَارِ۔ہم نے اس کو ایک گڑھے میں پایا۔

جَفْلٌ: چھیلنا۔الگ کرنا۔ڈالنا۔ہلانا۔ہانکنا۔دفع کرنا۔بھاگنا۔پریشان ہونا۔لَماَّ قَدِمَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم الْمَدِیْنَةَ اِنْجَفَلَ النَّاسُ قِبَلَهُ۔جب آپ مدینے تشریف لائے تو لوگ جلدی سے آپ کی طرف بھاگے۔

جَفَّلٌ: بھگانا۔بدکانا۔

جِفْلُ: ہاتھی کی لید۔جمع اَجْفَالُ۔

جُفْلَةُ: اون کا گچھا۔جمع جُفَلٌ۔

جَفْلَةُ: بہت پتوں والا درخت۔

جِفْنُ: تلوار وغیرہ کی میان۔جمع اَجْفَان و اُجْفُنُ۔

جَفْنٌ: باز رکھنا۔روکنا۔نحر کرنا۔بڑے پیالے میں کھانا نکالنا۔تلوار کی میان۔انگور کی بیل۔

جَفْنَةٌ: پیالہ۔چھوٹا کنواں۔سخی آدمی۔انگور۔اِغْتَسَلَ فِیْ جَفْنَةٍ۔ایک بڑے پیالے میں غسل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا۔ وَھُوَ مِثْلُ شِقِّ جَفْنَۃٍ۔ اس وقت چاند آدھے پیالے کی مانند تھا۔

جُفُوْءً ا: گرا دینا۔ پھینک دینا۔ جھاگ اٹھنا۔ پچھاڑ دینا۔

جَفْوَۃٌ: سخت ہونا۔ بے مروت ہونا۔ بھاری ہونا۔ دور ہونا۔ اِذَا سَجَدْتَ فَتَجَافَا۔ جب تو سجدہ کرے تو بازوؤں کو پہلوؤں سے دور رکھ۔ اِقْرَءُ و الْقُرْاٰنَ وَلَا تَجْفُوْا۔ قرآن پڑھتے رہو اس سے دور مت ہو۔

جِفْوَۃٌ: سخت ہونا۔ بے مروت ہونا۔ بھاری ہونا۔ دور ہونا۔ تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا۔ وہ اپنے بستروں سے اٹھ کر اپنے رب کو خوف اور امید سے پکارتے ہیں۔

جُفُوْفًا: خشک ہونا۔ سوکھنا۔ خاموش ہونا۔

جَفْیٌ: گرانا۔ لَسْتُ بِالْجَافِیْ وَلَا الْمَجْفِیْ۔ نہ میں ظالم ہوں نہ مظلوم۔

جَفِیْر: ترکش۔ بڑا ترکش۔

جَفِیْرَۃُ: چمڑے کا تھیلا۔

جَفِیْف: سوکھی گھاس۔

جَقَّۃٌ: بوڑھی اونٹنی۔

جَکْرٌ: الحاح کرنا۔ غصہ کرنا۔ آہ وزاری کرنا۔

جُکَیْرَۃٌ: حاجت۔ ضرورت۔ غرض۔

جَلاَ: سرمہ۔ بلند مرتبہ سردار۔

جَلاءٌ: پچھاڑ دینا۔ پھینک دینا۔ وضاحت کرنا۔ انکشاف کرنا۔ سفیدی۔ سرمہ۔

جَلاءٌ: پچھاڑ دینا۔ پھینک دینا۔ وضاحت کرنا۔ انکشاف کرنا۔ سفیدی۔ سرمہ۔

جِلاءٌ: سرمہ۔ لقب۔ کنیت برائے تعظیم۔

جَلاَءَ ۃً: پچھاڑ دینا۔ پھینک دینا۔ وضاحت کرنا۔ انکشاف کرنا۔ سفیدی۔ سرمہ۔

جُلاَجِلُ: صاف اور تیز آواز والا۔ پھرتیلا۔ کام میں چست۔

جُلاَخٌ: زبردست سیلاب۔ تباہ کن سیلاب۔

جُلاَخٌ: تباہ کن سیلاب۔ گہری وادی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جِلَادًا: تلوار سے مقابلہ کرنا۔ لَوْلَا جِلَادِیْ غُنِمَ تِلَادِیْ۔ اگر میں اپنے مال کا دفاع نہ کرتا تو میرا مال لوٹ لیا جاتا۔

جَلَّادٌ: کوڑے لگانے والا۔ جلاد۔ پھانسی دینے والا۔

جُلَاذِیٌّ: نہایت بدخلق۔ پتھر۔ راہب۔ جمع جَلَاذِیٌّ۔

جِلَازٌ: تسمہ جو کوڑے یا کمان پر باندھا جائے۔

جُلَافٌ: تر مٹی۔ گارا۔

جُلَاقَةٌ: گوشت کا ٹکڑا۔ مَا عَلَیْهِ جُلَاقَةُ لَحْمٍ۔ وہ دبلا پتلا ہے۔

جَلَالٌ: بڑائی۔ بزرگی۔ پاکیزگی۔ ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ۔ بڑے مرتبے اور بزرگی والا۔

جَلَالُ: وجہ۔ فَعَلْتُ ذٰلِكَ مِنْ جَلَالِكَ۔ میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔

جُلَالُ: ہر شے کا اکثر حصہ۔

جَلَالَةٌ: بڑائی۔ بزرگی۔ پاکیزگی۔ عظمت۔ بلندی۔ مرتبہ۔

جُلَامَةُ: کترے ہوئے بال۔ کتری ہوئی اون۔ کترن۔

جُلَاهِقُ: غلیل۔

جَلْبٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ شور مچانا۔ ڈرانا۔ ڈانٹنا۔ جھڑکنا۔ جمع کرنا۔ زخم کا اچھا ہوجانا۔ اکٹھا ہونا۔

جَلَبٌ: سامان تجارت۔ لائی ہوئی چیز۔ سامان تجارت لانے والا قافلہ۔ زخم کا اچھا ہوجانا۔ جمع اَجْلَابٌ۔ لَاتَلَقُّوا الْجَلَبَ آگے جا کر تجارتی قافلے سے نہ ملو۔ رُبَّ اُمْنِیَّةٍ جَلَبَتْ مَنِیَّةً۔ بہت سی آرزوئیں موت تک پہنچا دیتی ہیں۔

جِلْبٌ: ہر چیز کا ڈھکن۔ رات کی تاریکی۔

جِلْبَابٌ: کرتہ۔ پورے جسم کو ڈھانپنے والا لباس۔ اوڑھنی۔ بڑی چادر جو پورے جسم کو ڈھانپ لے۔ جمع جَلَابِیْبُ۔ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ۔ وہ اپنی چادریں اپنے اوپر لٹکا لیا کریں۔

جُلْبَانٌ: چمڑے کا تھیلا جس میں میاں سمیت تلوار رکھی جائے۔

جَلْبَبَةٌ: کرتا پہنانا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محمد سعید شیخ

شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ شالیمار کالج، باغبان پورہ، لاہور

# اشاریہ تحقیقاتِ حدیث

## شمارہ ۱ تا ۵

ضلع بہاول پور کی اہم ترین تحصیل خیر پور ٹامیوالی مذہبی تشخص، مدارس و مساجد اور علما و حفاظ کی کثرت کی وجہ سے ملک بھر میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہے، اِس کے اکثر و بیشتر اہالیان مذہبی سے لگاؤ و فریفتگی کی حد تک رکھتے ہیں۔ اس مذہب پسندی کی سب سے بڑی وجہ ''جامعہ خیر العلوم'' ہے، جو نہ صرف ایک دینی ادارہ بل کہ ایک تحریک ہے، جس نے اہلِ علاقہ کی شرح خواندگی کے اضافے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ یہ ادارہ یوم تاسیس سے اب تک فروغِ علم و آگہی میں کوشاں ہے۔ خیر پور ٹامیوالی کا شاید ہی کوئی گھرانہ ایسا ہو جس کے افراد کے کو اس عظیم دینی درس گاہ سے شرفِ تلمذ حاصل نہ رہا ہو۔ وہاں ''جامعہ خیر العلوم'' کی حیثیت ایک علمی ریاست کی سی ہے جو اپنی روحانی رعایا کی علمی و فکری ضرورتوں کو پورا کرنے میں مصروف عمل ہے، اِس سے وابستگان اپنی اس نسبت پر بجا طور پر فخر کرتے ہیں۔ اِس علمی ریاست کے پہلے فرماں رواں مولانا مفتی غلام قادر علیہ الرحمہ تھے، جو اپنی ذات میں ایک انجمن تھے، علم و عمل، تقویٰ و رع، اور سادگی و تواضع آپ کے نمایاں اوصاف تھے۔ تلامذہ سے خیر خواہی آپ کا طرۂ امتیاز تھا۔ وہ بلا مبالغہ ایسی شخصیت تھے کہ جن سے مل کر زندگی سے عشق ہو جائے۔

جن سے مل کر زندگی سے عشق ہو جائے، وہ لوگ
آپ نے شاید نہ دیکھے ہوں، مگر ایسے بھی ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ کے تلامذہ کی ایک لمبی فہرست ہے، راقم سطور سمیت تحقیقات حدیث کے ادارت سے وابستہ ہر فرد کو آپ سے شرف تلمذ حاصل ہے اور یہ نسبت باعث افتخار ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مرقد مبارک پر کروڑ ہا رحمتوں کا نزول فرمائے۔ آمین

حضرتِ مفتی صاحبؒ ہی کی یاد میں ''تحقیقات حدیث'' کا اجرا عمل میں لایا گیا، گزشتہ پانچ شماروں میں حدیث وعلوم حدیث سے متعلق اُنچاس چھوٹے بڑے تحقیقی مقالات نذرِ قارئین ہو چکے ہیں، جن کا اشاریہ پیشِ خدمت ہے

# اشاریہ بہ لحاظِ عناوین مقالہ

## ﴿الف﴾

ا۔ احادیث طاعون۔ ایک مطالعہ، مولانا مفتی محمد زاہد، ترجمہ: سید متین احمد شاہ، شوال المکرّم ۱۴۳۲ھ/ستمبر ۲۰۱۱ء، ش ۳، ص ۱۲۷-۱۹۱

۲۔ احادیث میں تمثیلات، مولانا شاہ محمد جعفر پھلواری، محرم الحرام ۱۴۳۱ھ/ جنوری ۲۰۱۰ء، ش ۲، ص ۵۵-۶۴

۳۔ اُردو رسائل کے حدیث نمبر- ایک تعارفی جائزہ، پروفیسر محمد اقبال جاوید، رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ/ستمبر ۲۰۰۸ء، ش ۱، ص ۲۵۵-۲۸۶

۴۔ اُردو شاعری میں احادیث کی تلمیحات، ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں، شعبان ۱۴۳۳ھ/ جولائی ۲۰۱۲ء، ش ۵، ص ۷۳-۱۳۴

۵۔ اُردو میں اربعینات، محمد عالم مختار حق، صفر ۱۴۳۳ھ/ جنوری ۲۰۱۲ء، ش ۴، ص ۱۱۹-۱۷۰

۶۔ المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث- ایک تعارف، ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی، رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ/ستمبر ۲۰۰۸ء، ش ۱، ص ۲۰۱-۲۱۸

۷۔ امام اعظم اور علم الحدیث، کنور سلطان احمد، رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ/ستمبر ۲۰۰۸ء، ش ۱، ص ۱۵۵-۱۸۲

۸۔ امثالِ بخاری اور اخلاقیات، محمد کریم خان، صفر ۱۴۳۳ھ/ جنوری ۲۰۱۲ء، ش ۴، ص ۵۳-۷۰

© rasailojaraid.com